زاد السعید
فی الصلوٰۃ علی النبی الوحید صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

دل تڑپتا ہے میرا سینے میں
ہائے پہنچوں گا کب مدینے میں
قلب جس کا نہ ہو مدینے میں
اس کا جینا ہے کوئی جینے میں
عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

زاد السعید

فی الصلوٰۃ علی النبی الوحید صلی اللہ علیہ وسلم

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

زیر سرپرستی
یادگار خانقاہ امدادیہ اشرفیہ

بالمقابل چڑیا گھر ○ شاہراہ قائد اعظم ○ لاہور- 54000
پوسٹ بکس نمبر 2074 فیکس: 042-6370371 فون: 042-6373310
E-mail: khanqahlhr@hotmail.com

ناشر:
انجمن احیاء السنۃ (رجسٹرڈ)

نفیر آباد ○ باغبانپورہ ○ لاہور پوسٹ کوڈ: 54920
فون: 6551774 - 042-6861584

سلسلہ اشاعت نمبر ۱۶۹

نام کتاب
زاد السعید

مرتب
حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

لے آؤٹ اینڈ ڈیزائن
ارشد محمود

مطبع:
الحمراء گروپ

خطاطی محمد علی زاہد

اشاعت سوم
ربیع الاول ۱۴۲۷ ہجری
اپریل ۲۰۰۶ء

نگران اشاعت

خلیفہ مجاز بیعت
عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب دامت برکاتہم

ڈاکٹر عبد المقیم عفا اللہ تعالیٰ عنہ
ہومیو پیتھک کنسلٹنٹ

جامعہ دار العلوم الاسلامیہ

کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن
برائی انارکلی چرچ روڈ لاہور

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ امّا بعد!

ہزاروں بار دھو ڈالوں دہن کو مُشک و عنبر سے
زبان و نُطق پھر قاصر ہیں اوصافِ پیمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے

رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درُود و سلام پیش کرنا مُسلمان کی زندگی کا سب سے قیمتی سرمایہ ہے، زندگی کی سب سے بڑی سعادت ہے۔ درُود و سلام پر یوں تو بہت سے مجمُوعے موجود ہیں لیکن حکیمُ الاُمّت مجدّد المِلّت مولانا شاہ اشرف علی تھانوی قدّس سرّہٗ کا مرتب کردہ مجمُوعہ زادُ السعید وہ قیمتی دستاویز ہے جس پر شیخ الحدیث حضرت مولانا زکریا صاحب قدّس سرّہٗ نے اعتماد کیا اور اپنی کتاب فضائِل درُود شریف کی بُنیاد اسی کتاب کو قرار دیا۔ یہ انمول دستاویز جتنی قیمتی ہے ہم اس کی قدر و منزلت نہیں پہچان سکتے۔ "قدر گوہر شاہ داند یا بداند جوہری"، مجھے اِس بات کا قلق تھا کہ آج دُنیا میں معیارِ طباعت خُوب سے خُوب تر کی طرف ترقی کر رہا ہے کاش! خُوب سے خُوب تر کی بجائے خُوب ترین کے ذوق سے اس انمول خزانہ کو شائع کیا جائے۔ ۱۹ جنوری ۲۰۰۶ء کو سفرِ حج سے واپس آیا تو ڈاکٹر عبدالمقیم صاحب نے زادُ السعید کا زیرِ طبع مسوّدہ دِکھایا جس کو دیکھ کر دل بہت خوش ہوا۔ صمیمِ قلب سے دُعائیں نکلیں کہ میرے تصوّر سے زیادہ خُوبصورت کاوش میرے سامنے آگئی اللہ تعالیٰ ڈاکٹر عبدالمقیم صاحب کی اس کاوش کو جو ان کے ذوقِ لطیف کی عکاس ہے قبُول فرمائے اور اُمّتِ مُسلمہ کو اس مجمُوعہ کے ذریعہ زیادہ سے زیادہ درُود شریف پڑھنے کی سعادت عطا فرمائیں۔ آمین۔

والسّلام

(دستخط مُبارک)

(شیخ الحدیث حضرت مولانا) مُشرف علی تھانوی (صاحب دامت برکاتہم وعمّت فیوضہم)

(مہتمم) خادم جامعہ دارُ العُلوم الاسلامیّہ، لاہور

۲۱۔ ذوالحجّہ ۱۴۲۶ھ بمُطابق ۲۲۔ جنوری ۲۰۰۶ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ حَمْدًا مُّتَوَافِرًا * وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی نَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ سَلَامًا مُّتَکَاثِرًا وَّالرِّضْوَانُ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ مُتَوَاتِرًا * اَمَّا بَعْدُ

احقر کو ایک بار سفر قصبۂ کیرانہ کا اتفاق ہُوا تو جامع الاخلاق والبرکات حافظ سعید الدین صاحب سلّمہُ اللہ تعالےٰ نے بر وقتِ ملاقات یہ تمنّا ظاہر فرمائی کہ اگر کوئی رسالہ در باب فضائل درود شریف کے لکھ دیا جاوے تو خوب ہے۔ احقر نے دوسرے مؤلّفین کے رسائل کے کافی ہونے کا عُذر کیا مگر چونکہ ہر ایک کا مذاق جُدا ہوتا ہے اس لیے جو طرزِ خاص ان کے ذہن میں تھا، اس کے لیے پھر اصرار فرمایا۔ مَیں نے یہ سوچ کر کہ ایک بزرگ کی فرمائش پُوری ہوتی ہے اگر مرتبۂ ضرورت میں بھی نہ ہو تاہم اِستحسان میں تو کوئی شُبہ ہی نہیں۔ ناظرین کو نفع بھی ضرور ہی ہوگا۔ اس لیے بنامِ **خُدائے تعالےٰ** اس کو شروع کیا اور چونکہ درود شریف طالبِ سعادت کا توشۂ آخرت ہے اس معنیٰ کا لحاظ اور حافظ صاحب کے نام کی رعایت کر کے **زَادُ السَّعِیْد** اس کا نام رکھا گیا۔ **اللہ تعالےٰ** قبول فرما کر میرے لیے بھی اس کو زادِ سعادت بنا دیں اور اس رسالہ میں ایک مقدمہ اور دس فصلیں اور ایک خاتمہ ہے۔ مقدمہ میں کتب منقول عنہا کے رمُوز کی شرح ہے فصلوں میں مختلف مقاصد ہیں۔ خاتمہ میں ایک درود شریف منظوم ہے جو مُوجبِ ازدیادِ شوق ہے۔

مقدمہ

شرحِ رموزِ کُتب منقول عنہا

کتاب	رمز	کتاب	رمز
ابوداود	د	نسائی	س
ابنِ ماجہ	ق	ابن حبان	حب
ابویعلی موصلی	ص	معجم اوسط طبرانی	طس
عمل الیوم واللیلۃ لابن السنّی	ی	مسند امام احمد	ی
ترمذی	ت	صحیح المستدرک للحاکم	مس
فضائل درود وسلام	فض	معجم کبیر طبرانی	ط
سعایہ	سع	حدیثِ موقوف	مو
صحیح البخاری	خ	نزل الابرار	نز
مُوطّا	طا	صحیح مُسلم	م
مصنف ابن ابی شیبہ	مص	حصن حصین	حص

سُنن اربعہ۔ ابُوداود، ترمذی، نسائی، ابنِ ماجہ ——— عہ

باقی کتابوں کے پورے نام لکھ دیئے ہیں۔

فصلِ اوّل

درود شریف پڑھنے کا امر و حکم

۱۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اے لوگو! جو ایمان لائے ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم پر صلوٰۃ و سلام پڑھو۔

۲۔ حدیث شریف میں ہے ارشاد فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلّم نے کہ جمعہ کے روز مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو کہ مجھ پر درود پیش ہوتا ہے (د س ق حب)

۳۔ اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے کہ مجھ پر درود کثرت سے پڑھا کرو کہ وہ تمہارے لیے موجبِ پاکی ہے (ص)

۴۔ اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے جس کے سامنے میرا ذکر آوے اس کو چاہیے کہ مجھ پر درود پڑھے (س طس ص ی)

۵۔ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے جو شخص میرا ذکر کرے تو اس کو چاہیے کہ مجھ پر دُرود بھیجے (ص)

۶۔ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے دُرود پڑھا کرو مجھ پر تمہارا دُرود مجھ کو پہنچتا ہے خواہ تم کہیں ہو۔ روایت کیا اس کو نسائی نے (گُلشنِ رحمت)

فصلِ دوم

تارکِ دُرود پر زجر اور وعید

١/ حدیث شریف میں ہے ارشاد فرمایا رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کہ جس مجلس میں اللہ تعالےٰ کا ذکر اور رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درُود نہ ہو قیامت کے روز وہ مجلس اُن لوگوں کے حق میں باعثِ حسرت ہوگی گو ثواب کے لیے جنّت ہی میں داخل ہو جاویں۔

(حب د ت س مت)

٢/ اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بڑا بخیل وہ شخص ہے کہ اس کے رُو برُو میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔

(ت حب مس)

٣/ اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملیا میٹ ہو جاوے وہ شخص کہ اس کے رُو برُو میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے

(ترمذی)

٤/ ابنِ ماجہ نے بسند حسن اور حافظ ابُو نعیم نے حُلیہ میں روایت کیا ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی بھول گیا مُجھ پر درُود بھیجنا بھٹک گیا وہ راہِ جنّت سے (فض)

فصلِ سوم

فضائلِ درُود شریف

۱/ سب سے بڑھ کر تو فضیلت اس کی یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے خود صلوٰۃ کی نسبت اپنے اور اپنے ملائکہ کی طرف فرمائی ہے چنانچہ ارشاد فرمایا؛
اِنَّ اللهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ (القرآن ۳۳-۵۶)

۲/ حدیث شریف میں ہے ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کہ جُمعہ کے روز جو شخص مجھ پر درود بھیجتا ہے وہ مجھ پر پیش کیا جاتا ہے (مس)

۳/ اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جب کوئی شخص مجھ پر سلام بھیجتا ہے اللہ تعالےٰ میری روح مجھ پر واپس کر دیتے ہیں یہاں تک کہ میں اس کے سلام کا جواب دے لیتا ہوں (د)

۴/ اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے سب سے زیادہ قیامت کے روز میرے ساتھ اس کو قُرب ہوگا جو مجھ پر کثرت سے درود پڑھتا ہوگا (ت حب)

۵/ اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اللہ تعالےٰ کے مقرر کیے ہُوئے بہت سے فرشتے اسی کام کے ہیں کہ سیاحی کرتے رہتے ہیں اور جو شخص میری اُمّت میں سلام بھیجتا ہے اس کو میرے پاس پہنچاتے ہیں۔
(س حب مص)

عہ تحقیق اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتے درود بھیجتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر۔

۶، اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ مَیں حضرت جبرئیل علیہ السلام سے ملا ۔ انہوں نے مجھ کو خوشخبری سُنائی کہ پروردگارِ عالم فرماتے ہیں کہ جو شخص آپ پر درود بھیجے گا میں اُس پر رحمت بھیجوں گا اور جو شخص آپ پر سلام پڑھے گا میں اس پر سلامتی نازل کروں گا مَیں نے یہ سُن کر سجدۂ شکر ادا کیا (مس)

۷، حضرت اُبی ابن کعب رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ مَیں نے عرض کیا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) مَیں آپ پر صلوٰۃ کی کثرت کیا کرتا ہوں تو کس قدر صلوٰۃ اپنا معمول رکھوں ۔ فرمایا جس قدر تمہارا دل چاہے ۔ میں نے کہا کہ ایک رُبع، یعنی تین رُبع اور وظائف رہیں ۔ فرمایا جس قدر تمہارا دل چاہے اور اگر بڑھا دو تو تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے ۔ مَیں نے عرض کیا نصف ۔ فرمایا جس قدر چاہو اور اگر زیادہ کر دو تو اور بہتر ہے ۔ مَیں نے کہا تو پھر سب درُود ہی درود رکھوں گا ۔ فرمایا تو اب تمہارے سب فکروں کی بھی کفایت ہو جاوے گی اور تمہارا گناہ بھی معاف ہو جائے گا (ت مس)

۸، اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مجھ پر ایک بار درود پڑھے گا اللہ تعالےٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماویں اور اس کے دس گناہ معاف ہوں اور اس کے دس درجے بڑھیں اور دس نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھی جاویں (س ط)

۹، اور ایک روایت میں ہے کہ درود پڑھنے والے پر اللہ تعالےٰ ستّر

رحمتیں نازل فرماتے ہیں اور ملائکہ اس کے لیے ستّر بار دُعا کرتے ہیں۔

۱۰۔ کعبُ الاحبار رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالےٰ نے حضرت مُوسیٰ علیہ السّلام کو وحی فرمائی کہ تم چاہتے ہو کہ قیامت کے روز تم کو پیاس نہ لگے۔ عرض کیا۔ ہاں۔ ارشاد ہُوا کہ محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درُود کی کثرت کیا کرو۔ روایت کیا اس کو اصبہانی نے۔ (حاشیۃ الحزب)

۱۱۔ حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مُجھ پر درود کی کثرت کرے گا وہ عرش کے سایہ میں ہو گا۔ روایت کیا اس کو دیلمی نے۔

(حاشیۃ الحزب)

۱۲۔ اور ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جو شخص مجھ پر میری قبر کے پاس درود پڑھتا ہے اُس کو میں خود سُنتا ہوں اور جو مجھ سے فاصلے پر درود پڑھتا ہے وہ مجھ کو پہنچا دیا جاتا ہے یعنی بذریعہ ملائکہ کے۔ روایت کیا اس کو بیہقی نے شعبُ الایمان میں۔

۱۳۔ دُرِ مختار میں اصبہانی سے نقل کیا ہے کہ ارشاد فرمایا رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جو شخص مُجھ پر درود پڑھے اور وہ قبول ہو جاوے تو اسّی سال کے گناہ اس کے محو ہو جاتے ہیں۔

۱۴۔ شفا میں ہے ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جو مسلمان مجھ پر درود بھیجتا ہے۔ فرشتہ اس درود کو لے کر مجھ تک پہنچاتا ہے

اور نام لے کر کہتا ہے کہ فلانا ایسا ایسا کہتا ہے یعنی اس طرح درود بھیجتا ہے۔ (فض)

۱۵/ ابُو یعلیٰ نے روایت کیا ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کہ کثرت کرو مجھ پر درود بھیجنے کی۔ بتحقیق وہ پاکیزگی ہے واسطے تمہارے یعنی بسبب دُرود کے گناہوں سے پاکی اور ہر طرح کی ظاہری و باطنی، جانی و مالی پاکیزگی حاصل ہوتی ہے (فض)

۱۶/ امام احمد اور ابنِ ماجہ نے روایت کیا ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جو آدمی مجھ پر درود بھیجتا ہے فرشتے اُس پر درود بھیجتے ہیں یعنی اُس کے لیے دُعائے رحمت کرتے ہیں جب تک وہ مجھ پر دُرود بھیجتا رہتا ہے۔ اب اختیار ہے خواہ کم دُرود بھیجو مجھ پر یا زیادہ۔ مقصود یہ ہے کہ درود بکثرت پڑھنا چاہیے (فض)

۱۷/ طبرانی نے اوسط میں روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جو شخص درود بھیجے مجھ پر کسی کتاب میں ہمیشہ فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے۔ جب تک میرا نام اس کتاب میں رہے گا (فض)

۱۸/ امام مُستغفری رحمۃ اللہ نے روایت کیا ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جو کوئی ہر روز سو بار مجھ پر دُرود پڑھے اس کی سو حاجتیں پُوری کی جاویں تیس دُنیا کی باقی آخرت کی۔ (فض)

۱۹/ طبرانی نے روایت کیا ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم

نے جو شخص صبح کو مجھ پر دس بار درود بھیجے اور شام کو دس بار، قیامت کے روز اس کے لیے میری شفاعت ہو گی (فص)

۲۰۔ ابو حفص ابن شاہین رحمۃ اللہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مجھ پر ہزار مرتبہ درود پڑھے، نہ مرے گا جب تک کہ اپنی جگہ جنت میں نہ دیکھ لے گا (سع)

۲۱۔ دیلمی رحمۃ اللہ نے حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت کیا ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ قیامت کے ہول اور خطرات سے وہ شخص زیادہ نجات پاوے گا جو دنیا میں مجھ پر درود زیادہ بھیجتا ہو گا (سع)

فصلِ چہارم

درود شریف کے خواص

۱۔ حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ فرماتے ہیں کہ تمام دعائیں رکی رہتی ہیں جب تک محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر درود نہ پڑھو (طس)

۲۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ دعا آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتی ہے اوپر نہیں جاتی جب تک کہ اپنے

نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم پر درُود نہ پڑھو (ت)

۳۔ حضرت ابورافع رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ جس کا کان بولنے لگے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یاد کرے اور آپ پر دُرُود پڑھے اور یوں کہے کہ جس نے مجھ کو یاد کیا ہو اللہ تعالےٰ اس کو خیر ورحمت سے یاد فرماویں (ط ی)

۴۔ حضرت اُبوسعید رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے جس شخص کو منظور ہو کہ میرا مال بڑھ جاوے وہ یوں کہا کرے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَعَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

۵۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے پاس ایک شخص بیٹھا تھا۔ اُس کا پاؤں سو گیا۔ آپ نے فرمایا۔ جو شخص تجھ کو سب سے زیادہ محبوب ہو اُس کا نام لے۔ اُس نے کہا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ اُسی وقت سُن اُتر گئی۔ (مو ی)

۶۔ ایک بار حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا پاؤں سو گیا آپ نے یہی عمل کیا۔ اُسی وقت سُن اُتر گئی (حاشیہ حصن ازمائۃ الفوائد)

۷۔ حدیثوں میں نمازِ حاجت تمام حوائج پُوری ہونے کے لیے آئی ہے اس میں بھی بعد نماز کے درود شریف پڑھا جاتا ہے تو دُرود شریف کو کامیابی حوائج میں دخل ٹھہرا۔

۸ر حفظِ قرآن مجید کی دُعا حدیث شریف میں آئی ہے اُس دُعا کے ساتھ بھی درود شریف پڑھا جاتا ہے پس درود شریف کو حفظِ قرآن مجید میں بھی دخل ہُوا۔

۹ر ابُو مُوسٰی مدینی نے بسندِ ضعیف روایت کیا ہے کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جب تم کسی چیز کو بھُول جاؤ، مجھ پر درود بھیجو وہ چیز یاد آجائے گی ان شاء اللہ تعالےٰ (فض)

۱۰ر سب سے لذیذ تر اور شیریں تر خاصیت درود شریف کی یہ ہے کہ اس کی بدولت عشاق کو خواب میں حضورِ پُر نُور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی دولتِ زیارت میّسر ہوتی ہے۔ بعض درودوں کو بالخصوص بزرگوں نے آزمایا ہے۔ شیخ عبدالحق دہلوی رحمہُ اللہ نے کتاب ترغیب اہلُ السّادات میں لکھا ہے کہ شب جمعہ میں دو رکعت نمازِ نفل پڑھے اور ہر رکعت میں گیارہ بار آیۃ الکرسی اور گیارہ بار قُل ھُو اللہ اور بعد سلام سو بار یہ درود شریف پڑھے ان شاء اللہ تعالےٰ تین جمعے نہ گزرنے پاویں گے کہ زیارت نصیب ہو گی۔ وہ درود شریف یہ ہے ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ ۔

دیگر، شیخ موصوف نے لکھا ہے کہ جو شخص دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں بعد الحمد کے پچیس بار قل ھو اللہ اور بعد سلام کے یہ درود شریف ہزار مرتبہ پڑھے دولتِ زیارت نصیب ہو وہ یہ ہے: صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ ۔ دیگر: شیخ موصوف نے

لکھا ہے کہ سوتے وقت ستّر بار اس درود شریف کو پڑھنے سے دولتِ زیارت نصیب ہو۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعُرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَخَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ شَرِيْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ بِتَوْحِيْدِكَ اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ فِيْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُّوْرِ ضِيَآئِكَ صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰى بِبَقَآئِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

دیگر : اس کو بھی سوتے وقت چند بار پڑھنا زیارت کے لیے شیخ نے لکھا ہے : اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ وَرَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ اَبْلِغْ لِرُوْحِ سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مِّنَّا السَّلَامَ ۔ مگر بڑی شرط اس دولت کے حصول میں قلب کا شوق سے پُر ہونا اور ظاہری و باطنی معصیتوں سے بچنا ہے (فض)

فصلِ پنجم

حکایات و اخبار متعلقہ درود شریف

۱۔ مواہبِ لدنیہ میں تفسیر قشیری سے نقل کیا ہے کہ قیامت میں

کسی مومن کی نیکیاں کم وزن ہو جاویں گی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم ایک پرچہ سرِ انگشت کے برابر نکال کر میزان میں رکھ دیں گے جس سے نیکیوں کا پلّہ وزنی ہو جاوے گا وہ مومن کہے گا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہو جاویں۔ آپ کون ہیں؟ آپ کی صورت اور سیرت کیسی اچھی ہے۔ آپ فرماویں گے۔ مَیں تیرا نبی ہوں اور یہ درود ہے جو تو نے مجھ پر پڑھا تھا۔ مَیں نے تیری حاجت کے وقت اس کو ادا کر دیا (حاشیہ حصن)

۲۔ حضرت عُمر بن عبد العزیز رحمۃُ اللہ کہ جلیلُ القدر تابعی اور خلیفہ ارشد ہیں۔ شام سے مدینۂ مُنوّرہ کو خاص قاصد بھیجتے تھے کہ اُن کی طرف سے روضۂ شریف پر حاضر ہو کر سلام عرض کرے۔

(حاشیہ حصن از فتح القدیر)

۳۔ روضۃُ الاحباب میں امام اسمٰعیل بن ابراہیم مزنی سے جو امام شافعی رحمۃُ اللہ کے بڑے شاگردوں میں ہیں نقل کیا ہے کہ مَیں نے امام شافعیؒ کو بعد انتقال کے خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالےٰ نے آپ سے کیا معاملہ فرمایا؟ وہ بولے مجھے بخش دیا اور حکم دیا کہ مجھ کو تعظیم و احترام کے ساتھ بہشت میں لے جاویں اور یہ سب برکت ایک درود کی ہے جس کو میں پڑھا کرتا تھا۔ مَیں نے پوچھا وہ کون سا درود ہے فرمایا یہ ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَکُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہٖ

اَلْغَافِلُوْنَ ۔ (حاشیہ حصن)

۴۔ مناہجُ الحسنات میں ابنِ فاکہانی کی کتاب فجرِ منیر سے نقل کیا ہے کہ ایک بزرگ شیخ صالح موسیٰ ضریر (نابینا) تھے۔ انہوں نے اپنا گزرا ہُوا قصّہ مجُھ سے نقل کیا کہ ایک جہاز ڈوبنے لگا اور مَیں اس میں موجود تھا۔ اس وقت مجُھ کو غنودگی سی ہوئی۔ اس حالت میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مجھ کو یہ درود تعلیم فرما کر ارشاد فرمایا کہ جہاز والے اس کو ہزار بار پڑھیں۔ ہنُوز تین سو بار پر نوبت نہ پہنچی تھی کہ جہاز نے نجات پائی۔ اور[1] بعد اَلْمَمَاتِ کے اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ بھی اس میں معمول ہے اور خُوب ہے وہ درُود یہ ہے: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ ۔ اور شیخ مجدُالدین صاحبِ قامُوس نے بھی اس حکایت کو بسندِ خود ذکر کیا ہے۔ (فض)

---

[1] اس درود شریف کا بکثرت پڑھنا اور مکان میں لکھ کر چسپاں کرنا تمام امراضِ وبائیہ ہیضہ وطاعون وغیرہ سے حفاظت کے لیے ازبس مفید اور مجرب ہے اور قلب کو عجیب و غریب اطمینان بخشتا ہے اور تَرْفَعُنَا بِھَا کے بعد بعض لوگ لفظ عِنْدَكَ بھی پڑھتے ہیں حضرت مولانا مدظلہ نے ایک والانامہ میں احقر کو اسی طرح تحریر فرمایا تھا۔ حررہ محمد انعامُ اللہ غفرلہ اللہ ۱۲

۵۔ بعض رسائل میں عبیدُ اللہ بن عُمر قواریری سے نقل کیا ہے کہ ایک کاتب میرا ہمسایہ تھا وہ مرگیا۔ مَیں نے اس کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالےٰ نے تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ کہا مجھے بخش دیا۔ مَیں نے سبب پُوچھا، کہا۔ میری عادت تھی جب نامِ پاک رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا کتاب میں لکھتا تو صلی اللہ علیہ وسلم بھی بڑھاتا۔ اللہ تعالےٰ نے مُجھ کو ایسا کچھُ دیا کہ نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سُنا، نہ کسی دل پر گزرا (گلشنِ جنّت)

۶۔ دلائل الخیرات کی وجہِ تالیف مشہور ہے کہ مؤلّف کو سفر میں وضو کے لیے پانی کی ضرورت تھی اور ڈول رسّی کے نہ ہونے سے پریشان تھے۔ ایک لڑکی نے یہ حال دیکھ کر دریافت کیا اور کنوئیں کے اندر تھوک دیا۔ پانی کنارے تک اُبل آیا۔ مؤلّف نے حیران ہو کر اسکی وجہ پوچھی۔ اُس نے کہا یہ برکت درود شریف کی ہے جس کے بعد انہوں نے یہ کتاب دلائل الخیرات تالیف کی۔

۷۔ شیخ زروق رحمۃُ اللہ نے لکھا ہے کہ مؤلّف دلائل الخیرات کی قبر سے خوشبو مُشک وعنبر کی آتی ہے اور یہ سب برکت درود شریف کی ہے

۸۔ ایک معتمد دوست نے راقم سے ایک خوشنویس لکھنؤ کی حکایت بیان کی کہ ان کی عادت تھی کہ جب صبح کے وقت کتابت شروع کرتے تو اوّل ایک بار دُرود شریف ایک بیاض پر جو اسی غرض سے بنائی تھی لکھ لیتے اس کے بعد کام شروع کرتے۔ جب اُن

کے انتقال کا وقت آیا تو غلبۂ فکرِ آخرت سے خوف زدہ ہو کر کہنے لگے کہ دیکھئے وہاں جاکر کیا ہوتا ہے۔ ایک مجذوب آنکلے اور کہنے لگے بابا کیوں گھبراتا ہے۔ وہ بیاض سرکار میں پیش ہے اور اُس پر صاد بن رہے ہیں۔

۹/ مولانا فیضُ الحسن صاحب سہارنپوری مرحوم کے داماد نے مجھ سے بیان کیا کہ جس مکان میں مولوی صاحب کا انتقال ہُوا وہاں ایک مہینے تک خوشبو عطر کی آتی رہی۔ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے اس کو بیان کیا۔ ارشاد فرمایا۔ یہ برکت درود شریف کی ہے۔ مولوی صاحب کا معمول تھا کہ ہر شبِ جمعہ کو بیدار رہ کر درود شریف کا شغل فرماتے۔

۱۰/ ابوزرعہ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کو خواب میں دیکھا کہ آسمان میں فرشتوں کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہے۔ اس سے سبب حصول اس درجے کا پُوچھا۔ اُس نے کہا۔ مَیں نے دس لاکھ حدیثیں لکھی ہیں جب نامِ مبارک آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا آتا میں دُرود لکھتا تھا۔ اس سبب سے مجھے یہ درجہ ملا (فض)

۱۱/ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک اور حکایت ہے کہ ان کو بعد انتقال کے کسی نے خواب میں دیکھا اور مغفرت کی وجہ پُوچھی انھوں نے فرمایا یہ پانچ دُرود شبِ جمعہ کو میں پڑھا کرتا تھا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ

عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَآ اَمَرْتَ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا يَنْبَغِيْ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ ۔ اس دُرود کو درودِ خمسہ کہتے ہیں۔ (فض)

۱۲/ شیخ ابن حجر مکّی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے کہ ایک صالح کو کسی نے خواب میں دیکھا۔ اس سے حال پوچھا۔ اس نے کہا کہ اللہ تعالےٰ نے مجھ پر رحم کیا اور مجھے بخش دیا اور جنّت میں داخل کیا۔ سبب پوچھا گیا تو اس نے کہا کہ فرشتوں نے میرے گناہ اور میرے دُرود کو شمار کیا۔ سو شمار دُرود کا زیادہ نکلا۔ حق تعالےٰ نے فرمایا۔ اتنا بس ہے۔ اس کا حساب مت کرو اور اس کو بہشت میں لے جاؤ (فض)

۱۳/ شیخ ابن حجر مکّی رحمہ اللہ نے لکھا ہے کہ ایک مرد صالح نے معمول مقرر کیا تھا کہ ہر رات کو سوتے وقت دُرود بعد دِمُعیّن پڑھا کرتا تھا۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ جناب رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم اس کے پاس تشریف لائے اور تمام گھر اس کا روشن ہو گیا۔ آپ نے فرمایا۔ وہ مُنہ لاؤ جو دُرود بہت پڑھتا ہے کہ بوسہ دوں۔ اس شخص نے شرم کی وجہ سے رخسارہ سامنے کر دیا۔ آپؐ نے اُس کے رُخسارے پر بوسہ دیا۔ بعد اس کے وہ بیدار ہو گیا تو سارے گھر میں مُشک کی خوشبو باقی رہی۔ (فض)

۱۴/ شیخ عبدالحق مُحدّث دہلوی رحمۃُ اللہ تعالےٰ علیہ نے مدارجُ النبوّۃ میں لکھا ہے کہ جب حضرت حوّا علیہا السّلام پیدا ہُوئیں۔ حضرت آدم علیہ السّلام نے اُن پر ہاتھ بڑھانا چاہا۔ ملائکہ نے کہا۔ صبر کرو جب تک نکاح نہ ہوجائے اور مہر ادا نہ کردو۔ انہوں نے پوچھا۔ مہر کیا ہے۔ فرشتوں نے کہا کہ رسول مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم پر تین بار درود پڑھنا اور ایک روایت میں بیس۲۰ بار آیا ہے۔

فصلِ ششم

مسائل متعلّقہ درُود شریف

مسئلہ

۱/ عمر بھر میں ایک بار درُود شریف پڑھنا فرض ہے بوجہ حکم صَلُّوْا کے جو شعبان ۲ھ میں نازل ہوا۔

۲/ اگر ایک مجلس میں کئی بار آپ کا نام پاک ذکر کیا جاوے۔ طحاوی رحمۃُ اللہ تعالےٰ علیہ کا مذہب یہ ہے کہ ہر بار میں ذکر کرنے والے اور سننے والے پر درُود پڑھنا واجب ہے۔ مگر مفتی بہ یہ ہے کہ ایک بار واجب ہے پھر مستحب ہے۔

۳/ نماز میں بجز تشہدّ اخیر کے دوسرے ارکان میں درُود پڑھنا مکرُوہ ہے (دُرِمختار)

۴/ جب خطبہ میں حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا نامِ مُبارک آوے یا خطیب یہ آیت پڑھے۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ۝ اپنے دل میں بلا جنبشِ زبان کے صلّی اللہ علیہ وسلّم کہہ لے (دُرِ مختار)

۵/ بے وضو درُود شریف پڑھنا جائز ہے اور باوضو نُورٌ علیٰ نُور ہے۔

۶/ بجز حضراتِ انبیاء وحضراتِ ملائکہ علیٰ جمیعھم السّلام کے کسی اور پر استقلالاً درُود شریف نہ پڑھے۔ البتہ تبعاً مضائقہ نہیں مثلاً یُوں نہ کہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بلکہ یوں کہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔

(دُرِ مختار)

۷/ دُرِّ مختار میں ہے کہ اسبابِ تجارت کھولنے کے وقت یا ایسے ہی کسی موقع پر یعنی جہاں درُود شریف پڑھنا مقصود نہ ہو بلکہ کسی دنیوی غرض کا اس کو ذریعہ بنایا جاوے۔ درُود شریف پڑھنا ممنوع ہے۔

۸/ دُرِّ مختار میں ہے کہ درُود شریف پڑھتے وقت اعضاء کو حرکت دینا اور آواز بلند کرنا جہل ہے۔ اس سے معلوم ہُوا کہ بعض جگہ جو رسم ہے کہ نمازوں کے بعد حلقہ باندھ کر بہت چلّا چلّا کر درُود شریف پڑھتے ہیں قابلِ ترک ہے۔

فصلِ ہفتم

مَواقعِ درُود شریف

۱۔ جب نامِ مُبارک زبان پر یا کان میں آوے جیسا کہ مسائل میں گزرا۔

۲۔ جب کسی مجلس میں بیٹھے تو اُٹھنے سے پہلے درود شریف پڑھ لے جیسا زجر (فصل دوم) میں گزرا۔

۳۔ دُعا کے اوّل و آخر میں پڑھے جیسا خواص میں گزرا۔

۴۔ مسجد میں جانے اور اس سے باہر آنے کے وقت حدیث شریف میں یہ پڑھنا آیا ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ (فض)

۵۔ بعد اذان کے مسلم اور ترمذی میں ہے کہ درود شریف بھیجے نبی صلّی اللہ علیہ وسلم پر اور مانگے آپ کے لیے وسیلہ اللہ تعالےٰ سے۔ (فض)

۶۔ بوقتِ وضو کے۔ ابن ماجہ میں ہے ارشاد فرمایا رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے، نہیں ہوتا وضو اس شخص کا جو صلوٰۃ نہ بھیجے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم پر (فض) یعنی پُورا ثواب نہیں ملتا۔

۷۔ بوقتِ زیارتِ قبرِ شریف کے۔ بیہقی نے روایت کیا ہے ارشاد فرمایا رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے جو میری قبر کے پاس

مجھ پر درود بھیجتا ہے میں سن لیتا ہوں (فض)

۸/ ابتدائے رسائل وکتب میں بعد بسم اللہ اور حمد کے درود وسلام لکھنا۔ ابن حجر مکّی رحمۃ اللہ نے لکھا ہے کہ یہ رسم اوّل حضرت سیّدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے زمانہ میں جاری ہوئی۔ خود انہوں نے اپنے خطوط میں اسی طرح لکھا (فض)

۹/ بوقت جاگنے کے رات میں واسطے تہجد کے۔ نسائی نے سنن کبیر میں ایک حدیث طویل میں نقل کیا ہے کہ **اللہ تعالےٰ** پسند کرتا ہے ایسے آدمی کو جو رات کے بیچ میں اُٹھے اور کسی کو خبر نہ ہو۔ پھر وضو کرے۔ پھر حمدِ الٰہی کرے اور درود پڑھے پھر قرآن مجید پڑھنا شروع کرے (فض)

۱۰/ واسطے دفع بلیّات مثل وبا و زلزلہ وغیرہ کے۔ جلال الدین سیوطیؒ اور دوسرے محدثین نے احادیث سے اس کو استنباط کیا ہے۔ (فض)

فصلِ ہشتم

آدابِ متفرقہ متعلقہ درود شریف

۱/ جب اسمِ مبارک لکھے، صلوٰۃ وسلام بھی لکھے یعنی **صلّی اللہ علیہ وسلّم** پورا لکھے۔ اس میں کوتاہی نہ کرے۔ صرف ؐ یا صلعم پر اکتفا نہ

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

(مسلم) عن ابی مسعود الانصاری رضی اللہ عنہ

کرے (فض)

۲۔ ایک شخص حدیث شریف لکھتا تھا اور بسبب بُخل کاغذ کے نام مُبارک کے ساتھ درود شریف نہ لکھتا تھا۔ اس کے سیدھے ہاتھ کو مرض آکلہ عارض ہُوا یعنی ہاتھ اُس کا گل گیا۔

۳۔ شیخ ابنِ حجر مکی رحمۃُ اللہ نے نقل کیا ہے کہ ایک شخص صرف صلّی اللہ علیہ پر اکتفا کرتا تھا، وسلّم نہ لکھتا تھا۔ حضورِ انور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اس کو خواب میں ارشاد فرمایا۔ تو اپنے آپ کو چالیس نیکیوں سے کیوں محروم رکھتا ہے۔ یعنی وسلّم میں چار حرف ہیں۔ ہر حرف پر ایک نیکی اور ہر نیکی پر دس گُنا ثواب۔ لہٰذا وسلّم میں چالیس نیکیاں ہُوئیں (فض)

۴۔ درود شریف پڑھنے والے کو مُناسب ہے کہ بدن اور کپڑا پاک وصاف رکھے۔

۵۔ آپ کے نامِ مُبارک سے پہلے سَیِّدِنَا بڑھا دینا مُستحب اور افضل ہے (دُرِ مختار)

فصلِ نہم

بعض نکات متعلّقہ دُرود شریف

نکتہ: ایک سوال مشہور ہے کہ کَمَا صَلَّیْتَ میں آپ کے

صلوٰۃ کو صلوٰۃِ ابراہیمیہ سے تشبیہ دی گئی اور مُشبّہ بہٖ مُشبّہ سے اکمل ہوتا ہے۔ اس سے صلوٰۃ محمدیہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا نقصان لازم آتاہے۔ سب سے مختصر اور سہل جواب یہ ہے کہ یہ ضرور نہیں کہ مشبّہ بہٖ اکمل ہو البتہ اوضح و اشہر ہونا ضروری ہے۔ سو صلوٰۃ ابراہیمیہ چونکہ تمام اُمَم و مِلل اہلِ کتاب و مشرکین میں مشہور و مُسلّم تھی اسی لیے اس کو مشبّہ بہٖ قرار دیا گیا۔

۲/ باوجودیکہ صلوٰۃ و سلام سب انبیاء پر نازل و متوجہ رہا ہے پھر حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی کیا تخصیص ہے۔ اس کی چند وجوہ ہیں:

اوّل یہ کہ ہمارے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شریعت کا طرز بہت ملتا ہُوا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے ساتھ تو صرف اصول ہی میں توافق ہے اور آپ کے ساتھ بہت فروع میں بھی۔ اسی بنا پر ارشاد ہے: اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاِبْرٰهِیْمَ لَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِیُّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ شبِ معراج میں حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے ہمارے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم سے فرمایا تھا کہ اپنی

لے بلاشبہ سب آدمیوں میں زیادہ خصوصیت رکھنے والے حضرت ابراہیمؑ کے ساتھ البتہ وہ لوگ تھے جنہوں نے اُن کا اتباع کیا تھا اور یہ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم ہیں اور یہ ایمان والے ۱۲

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ (ابوداؤد) عن ابی مسعود الانصاری رضی اللہ عنہ

اُمّت کو ہمارا سلام کہیئے گا۔ اس لیے اس اُمّت کو حکم ہُوا کہ صلوٰۃ ابراہیمی کو نماز میں داخل کریں اور خارجِ نماز بھی پڑھا کریں۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے اس اُمّت کے حال پر نہایت شفقت فرمائی تھی کہ ہمارے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے مبعوث ہونے کے لیے دُعا فرمائی تھی۔ اس آیت میں رَبَّنَا[1] وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا (الآیۃ) اور آپ نے اس اُمّت کا لقب اُمّۃً مُسلمۃً اس آیت میں وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ رکھا تھا۔ اسی لیے ارشاد ہُوا ہے هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِينَ ۔

۴۔ اس میں کیا حکمت ہے کہ اللہ تعالےٰ کا ہم کو یہ حکم ہُوا تھا کہ تم صلوٰۃ بھیجو۔ اس آیت میں صَلُّوا عَلَيْهِ تو ہماری طرف سے بظاہر نُصَلِّي عَلٰى مُحَمَّدٍ مناسب ہوتا۔ مگر پھر بھی ہم کو اَللّٰهُمَّ صَلِّ سکھلایا گیا۔ جس میں اللہ تعالےٰ ہی سے درخواست ہے کہ آپ صلوٰۃ بھیج دیجئے۔

حکمت اس میں یہ ہے کہ ہمارے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم بالکل پاک اور ہم ناپاک، ہماری صلوٰۃ آپ کی شایان نہ ہوتی۔ اس لیے گویا بزبانِ حال یہ کہا جاتا ہے کہ اے اللہ تبارک وتعالےٰ ہماری صلوٰۃ تو آپ[2] کی شانِ عالی کے لائق نہیں ہے۔ اس لیے

[1] اے ہمارے پروردگار اور اس جماعت کے اندر ان ہی کا ایک ایسا پیغمبر بھی مقرر کیجیے ۱۲۔

[2] یعنی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وصحابہ کی شانِ عالی کے ۱۲۔

السمیع

جل جلالہ وعم نوالہ

عزیز

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ۔ (ابوداؤد) عن کعب بن عجرۃ رضی اللہ عنہ

آپ ہی سے درخواست کرتے ہیں کہ آپ اپنی صلوٰۃ بھیج دیجئے تاکہ نبی طاہر پر رب طاہر کی طرف سے صلوٰۃ ہو۔

۴/ شیخ ابوسلیمان دارانی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ فرماتے ہیں کہ دُعا سے پہلے اور پیچھے دُرود شریف پڑھ لیا کرو۔ کیونکہ اللہ تعالےٰ دونوں طرف کے درودوں کو تو ضرور ہی قبول فرماویں گے اور یہ اُن کے کرم سے بعید ہے کہ درمیان کی چیز کو رد کر دیں۔

۵/ جس طرح حدیث شریف کی تصریح سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک بار درود پڑھنے سے دس[۱۰] رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔ اسی طرح قرآن مجید کے اشارے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ ارفع میں ایک گستاخی کرنے سے (نعوذ باللہ منہا) اس شخص پر منجانب اللہ دس[۱۰] لعنتیں نازل ہوتی ہیں۔ چنانچہ ولید بن مُغیرہ کے حق میں اللہ تعالےٰ نے بسزائے استہزا یہ دس کلمات ارشاد فرمائے۔ حَلَّافٍ[۱] ۔ مَّھِیْنٍ ۔ ھَمَّازٍ ۔ مَّشَّآءٍۢ بِنَمِیْمٍ ۔ مَّنَّاعٍ لِّلْخَیْرِ ۔ مُعْتَدٍ ۔ اَثِیْمٍ ۔ عُتُلٍّ ۔ زَنِیْمٍ ۔ مُکَذِّبٍ لِّلْاٰیَاتِ ۔ بدلالت قولہٗ تعالیٰ اِذَا تُتْلٰی عَلَیْہِ اٰیٰتُنَا قَالَ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ ○

---

[۱] بہت قسمیں کھانے والا بے وقعت ہو۔ طعنے دینے والا ہو۔ چغلیاں لگاتا پھرتا ہو۔ نیک کام سے روکنے والا ہو۔ حد سے گزرنے والا ہو۔ گناہوں کا کرنے والا ہو۔ سخت مزاج ہو۔ حرام زادہ ہو۔ آیتوں کا جھٹلانے والا ہو۔

فصلِ دھم

دُرود شریف کے صِیغے

یُوں تو مشائخ کرام سے صدہا صیغے اس کے منقول ہیں۔
دلائل الخیرات اس کا ایک نمونہ ہے مگر اس مقام پر صرف جو صیغے صلوٰۃ
وسلام کے احادیث مرفوعہ حقیقیہ یا حکمیہ میں وارد ہیں اُن میں سے چالیس
صیغے مرقوم ہوتے ہیں جن میں ۲۵ صلوٰۃ اور ۱۵ سلام کے ہیں۔ گویا یہ
مجموعہ دُرود شریف کی چہل حدیث ہے جس کے باب میں بشارت آئی
ہے کہ جو شخص امرِ دین کے متعلق چالیس حدیثیں میری اُمّت کو پہنچاوے
اس کو اللہ تعالیٰ زمرۂ علماء میں محشور فرمائیں گے اور میں اس کا شفیع ہونگا
درود شریف کا امرِ دین سے ہونا بوجہ اس کے مامُور بہ ہونے کے ظاہر
ہے تو ان احادیث شریف کے جمع کرنے سے مضاعف ثواب
(اجر درود اجرِ تبلیغ چہل حدیث) کی توقع ہے۔ ان احادیث سے قبل
دو صیغے قرآن مجید سے تبرّکاً لکھے جاتے ہیں جو اپنی عموم لفظی سے صلوٰۃ نبویّہ
کو بھی شامل ہیں اور ان احادیث کے بعد تین صیغے، دو صحابی سے ایک
تابعی سے مرقوم ہوں گے۔ اب یہ سب مل کر ۴۵ صیغے ہیں۔ اگر کوئی
شخص ان سب صیغوں کو روزانہ پڑھ لیا کرے تو تمام فضائل و برکات
جو جُدا جُدا ہر صیغے کے متعلق ہیں تماماً اس شخص کو حاصل ہو جاویں اور ان
احادیث و آثار کے بعد نمبروار ہر ایک کی سند یکجا ذکر کردی جاوے گی۔

۱/ سَلٰمٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی ۞ (سُورہ نمل)

سلام نازل ہو اللہ کے برگزیدہ بندوں پر۔

۲/ سَلٰمٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ ۞ (سُورۃ الصّٰٓفّٰت کے ختم پر)

سلام ہو رسولوں پر۔

چہل حدیث مشتمل بر صلوٰۃ وسلام

صیغ صلوٰۃ

۱/ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْہُ

اے اللہ سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آلِ محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر درود نازل فرما

الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ ۞

اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ٹھکانے پر پہنچا جو تیرے نزدیک مقرب ہو۔

۲/ اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ الْقَآئِمَۃِ وَالصَّلٰوۃِ

اے اللہ (قیامت تک) قائم رہنے والی اس پکار اور نافع نماز

النَّافِعَۃِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّارْضَ عَنِّیْ رِضًا لَّا

کے مالک! درود نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر اور مجھ سے اس طرح راضی

تَسۡخَطُ بَعۡدَہٗ اَبَدًا ۞

ہو جا کہ اس کے بعد کبھی ناراض نہ ہو۔

۳۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبۡدِكَ وَرَسُوۡلِكَ وَ

اے اللہ درود نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر جو تیرے بندے اور رسول ہیں اور

صَلِّ عَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنَاتِ وَالۡمُسۡلِمِيۡنَ

دُرود نازل فرما سارے مؤمنین اور مومنات اور مسلمین

وَالۡمُسۡلِمَاتِ ۞

ومسلمات پر۔

۴۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكۡ

اے اللہ دُرود نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آلِ سیدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر اور برکت

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارۡحَمۡ مُّحَمَّدًا

نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آلِ سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلّم پر اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ

وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيۡتَ وَبَارَكۡتَ وَرَحِمۡتَ عَلٰٓی

علیہ وسلم اور آلِ سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تو نے دُرود و برکت و رحمت

اِبۡرَاهِيۡمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبۡرَاهِيۡمَ اِنَّكَ حَمِيۡدٌ مَّجِيۡدٌ ۞

سیّدنا ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۵۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيۡتَ

اے اللہ درود نازل فرما سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آلِ سیّدنا محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر جس طرح تو نے دُرود

اللطیف

جلّ جلالہٗ وعمّ نوالہٗ

عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ

نازل فرمایا آل سیدنا ابراہیمؑ پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔ اے اللہ برکت نازل فرما

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اٰلِ

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح تو نے

اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۞

ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۶۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ

صَلَّیْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

تو نے درود نازل فرمایا آلِ سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ

اور برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی

عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۞

سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۷۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح

صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ،

تو نے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

وَصَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ۔ (نسائی) عن الحسن بن علی رضی اللہ عنہما

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

اے اللہ برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح

بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ٭

تو نے سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۸۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تو نے درود نازل

عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ

فرمایا سیدنا ابراہیم علیہ السلام اور آلِ سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک تو ستودہ صفات

مَّجِیْدٌ، وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

بزرگ ہے اور برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ

بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ٭

تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۹۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح تو نے درود نازل

عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

فرمایا سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر اور برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ٭

جس طرح تو نے سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۱۰۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ

صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ

تونے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیم ؑ پر، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے، اے اللہ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی

برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ تونے

اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ٭

سیدنا ابراہیم ؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے

۱۱۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح

صَلَّیْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

تونے آلِ سیدنا ابراہیم ؑ پر درود نازل فرمایا، اور برکت نازل فرما، سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور

عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ فِی

آلِ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح تونے سیدنا ابراہیم ؑ کی اولاد پر برکت نازل

الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ٭

فرمائی، سارے جہانوں میں، بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۱۲۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ کَمَا

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی ازواج مطہرات رضی اور ذریات رضی پر جس طرح

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اٰلِ
اِبْرَاھِیْمَ ۔ (نسائی) عن ابی مسعود الانصاری رضی اللہ عنہ

صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

تونے سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر درود نازل فرمایا اور برکت نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور

اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

آپ کی ازواج مطہراتؓ اور ذریاتؓ پر جس طرح تونے سیدنا ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی،

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ٭

بے شک تو ستودہ صفات بزرگ ہے۔

۱۳۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی ازواج مطہراتؓ اور ذریاتؓ پر

